Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۷ جمادی الاول سنہ ۱۳۵۴ھ مطابق ۱۷ اگست سنہ ۱۹۳۵ء {جلد ۲۷}

حصہ اول

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی متعالی دام اقبالہم و ملکہم

(۱)	اجازت روانگی پہاڑ بہ صاحب ریونیو سکریٹری بہادر	۲
(۲)	رخصت سکنڈ لفٹنٹ محبوب علی خاں فرسٹ رامپور رضا انفنٹری	″

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان عالی متعالی دام اقبالہم و ملکہم

روبکار (مسودہ) (مورخہ ۱۰ اگست ۱۹۳۵ء)

کاغذات منسلکہ ملاحظہ ہوئے۔

صاحب ریونیو سکریٹری بہادر بوجہ خرابی صحت پہاڑ پر تشریف لے گئے۔ ایک ماہ کی رخصت کے خواستگار ہیں اور ظاہر کیا ہے کہ وہ پہاڑ پر سٹیلمنٹ کا کام بھی انجام دیتے رہیں گے۔ اور سفر خرچ وغیرہ نہیں لیں گے۔ صاحب ریونیو ممبر بہادر نے سفارش کی ہے۔ ریاست میں مخصوص طور پر بعض افسران کے لئے رخصت منظور کرنے کا عام قاعدہ نہیں ہے۔ نیز صاحب ریونیو سکریٹری بہادر کی سرشتہ میں ابھی رخصت منظور نہیں ہوئی ہے۔ مگر چونکہ بندوبست کا کام بعجلت ختم ہونے کی ضرورت ہے۔ لہذا وہ ایک مہینہ پہاڑ پر رہ کر کار سرکار انجام دے سکتے ہیں جیسا کہ انہوں نے ظاہر کیا ہے۔ ریاست سے سفر خرچ وغیرہ نہیں ملیگا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا مع کاغذات متعلقہ برائے کارروائی صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہو۔

(دستخط بندگان عالی دام اقبالہم و ملکہم)

برائے اجرائے احکام ضابطہ سرشتہ ہذا کو مرسل ہو۔ ۱۳ اگست ۱۹۳۵ء

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم ۱ء (مسودہ) (واقع ۱۳ اگست ۱۹۳۵ء)

مرتبہ عرضداشت صاحب آرمی منسٹر بہادر بابت عطائے منظوری رخصت اتفاقیہ تین یوم مطلوبہ سکنڈ لفٹنٹ محبوب علیخاں فرسٹ رامپور رضا انفنٹری از ۱۴ لغایت ۱۶ اگست ۱۹۳۵ء بغرض شرکت شادی خود

حکم

بموجب رپورٹ سکنڈ لفٹننٹ محبوب علیخاں فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کی رخصت اتفاقیہ تین یوم ۱۴ لغایت ۱۶ اگست ۱۹۳۵ء منظور ہے۔ سرشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

(دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم)